تنقید و تبصرے

محکومیتِ نسواں از مولوی معین الدین صاحب انصاری۔ بی۔ اے (کینٹب) بیرسٹرایٹ لا تقطیع $\frac{20\times30}{16}$ صفحات ۲۶۲ کتابت طباعت اور کاغذ متوسط ڈسٹ کور بہت خوبصورت اور دیدہ زیب مجلد قیمت عہ، ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ جامعہ دہلی و لاہور

یہ کتاب جان اسٹوارٹ مل کی کتاب (The Subjection of women کا بہت سلیس اور بامحاورہ ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ عورتوں کی موجودہ محکومیت جو قانون اور رسم و رواج کی آہنی سلاخوں کے بل بوتہ پر اب تک قائم ہے۔ درحقیقت انسان کے دورِ غلامی کی گھناونی یادگار ہے۔ مصنف مردوں اور عورتوں کی مساوات کا قائل ہے اور اس لئے اس نے اپنے دلائل و براہین بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ان لوگوں کی تردید کی ہے جو مرد و عورت میں وظائف حیات کی تقسیم کے اعتبار سے فرقِ مراتب کرتے ہیں۔ مصنف کے دلائل زیادہ تر "اقناعی" ہیں اور اس لئے ان پر بحث و نظر کی بہت کافی گنجائش ہے۔ فاضل مترجم نے صرف ترجمہ ہی نہیں کیا بلکہ موقع بموقع مفید نوٹ بھی لکھے ہیں۔ بعض جگہ جہاں مصنف کے قلم سے اسلام کی شان میں گستاخانہ الفاظ نکل گئے ہیں۔ لائق مترجم نے فٹ نوٹ میں ان کی تردید بھی کی ہے۔

لیکن ہمیں اندیشہ ہے کہ عورتوں کے اس دورِ آزادی میں اون کی یہ "داستان محکومیت" کہیں عورتوں کے جذبۂ انتقام اور مردوں کی "زود پشیمانی" میں اضافہ کا باعث نہ بنجائے۔

مضامین محمد علی مرتبہ محمد سرور صاحب (آنرز) استاذ تاریخ جامعہ ملیہ دہلی تقطیع $\frac{20\times30}{16}$